سوال

(138)قرآن وحدیث پڑھانے کا عوض مزدوری یا تنخواہ لینی جائز ہے یا نہیں۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن وحدیث پڑھانے کا عوض مزدوری یا تنخواہ لینی جائز ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح حدیث میں آیا ہے۔احق ما اخذتم علیہ اجرا کتاب اللہ (سب سے اچھی مزدوری کتاب اللہ پر ہے)۔اس لئے اگر کوئی مزدوری کیلئے پڑھاوے تو جائز ہے۔اگر کوئی فی سبیل اللہ پڑھاوے تو پھر مزدوری مانگنا جائز نہیں ہے۔از خود وہ احسان کریں تو قبول کرے۔منع کے متعلق کوئی صحیح حدیث نہیں۔(31 مارچ سن 1916ء)(فتاوی ثنائیہ۔جلد 2 صفحہ 403)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 117

محدث فتویٰ